سوال

(143) وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ میں خیر تفضیل کا صیغہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ میں خیر تفضیل کا صیغہ ہے۔کیا اور بھی کوئی رازق ہے کہ اللہ سب سے بہتر رازق ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اس دنیا میں مجازا جو بھی رزق رسانی کا زریعہ بنتے ہیں۔ان سب سے بہتر رازق اللہ تعالیٰ ہے۔(تفہیم القرآن 5/550)

اور تفسیر قرطبی میں ہے:

''اي خير من رزق واعطى فمنه فاطلبوا واستعينوا بطاعة على نيل ما عنده من خيري الدنيا والاخرة'' (18/120)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص426

محدث فتویٰ